سوال

(957)ازالہ عیب کی غرض سے دانتوں میں خلا پیدا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

علاج، دوا اور ازالہ عیب کی غرض سے دانتوں میں خلا پیدا کروانا کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

محض حسن وجمال اور یہ کہ عورت صغیر السن دکھائی دے، اس غرض سے دانتوں کو کچھ کرانا شرعاً حرام ہے۔ لیکن علاج اور دوا کی غرض سے ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اگر کوئی دانت زائد نکل آیا ہو تو اس کا نکلوا دینا بھی جائز ہے، کیونکہ اس سے انسان کا ظاہری منظر خراب ہو جاتا ہے اور بعض اوقات کھانے میں بھی رکاوٹ بنتا ہے، اور عیوب کا ازالہ کر دینا شرعاً جائز ہے۔ اسی طرح کیڑا وغیرہ لگنے کی صورت میں بھی اس کی اصلاح میں کوئی حرج نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 681

محدث فتویٰ